کیلانی صاحب نے نصوص کی روشنی میں کیا ہے۔ اس میں شک نہیں کہ یہ مسائل بھی ضروری ہیں، مگر روح، عذاب، اور سماعِ موتیٰ جیسے غیبی امور میں منصوص اصولوں پر ایمان مجمل رکھنا کافی ہے۔ بہت زیادہ تفصیلات میں جانا، ردّ و کد کرنا اور ایک دوسرے سے بات منوانے کی کوشش کرنا بسا اوقات لوگوں کو تکلیفِ مالایطاق میں مبتلا کر دیتا ہے۔ بہرحال ان وسیع معلومات کی قدر کرنی چاہیے، جو کیلانی صاحب نے جمع کی ہیں۔

لیکن کاش کہ کچھ علماء اُس عذاب سے نجات کی کوئی راہ بھی سوچیں، جس میں آج مسلمان قومیں اور ہر مسلمان فرد بلکہ ہر انسان مبتلا ہے۔ کاش کہ کوئی پکار ایسی بھی ہو جو ان مینوں کو سنوا سکے جو چاروں طرف کثیر تعداد میں چلتی پھرتی نظر آتی ہیں۔

دوسرے لفظوں میں قبر سے بعد کی زندگی کو درست کرنے کے لیے قبر سے پہلے کی زندگی کی اصلاح کا کام اشد ضروری ہے۔

---

**تبلیغی نصاب** | از جناب تابش مہدی۔ ناشر: دار البحوث الاسلامی، پوسٹ بکس نمبر ۲۴۳ کراچی۔ صفحات: ۱۴۴۔ قیمت: ۱۵/- روپے

اس کتاب پر ہم پہلے تبصرہ درج کر چکے ہیں۔ دوبارہ اندراج کا مقصد یہ ہے کہ اب یہ اس کا پہلا پاکستانی ایڈیشن ہے۔ یہ مقبول کتاب انڈیا میں بہت فروخت ہو رہی ہے۔ اور اب یہاں بھی یہ مارکیٹ میں آگئی ہے۔

---

**مکتوبات سید ابوالاعلیٰ مودودیؒ** | مرتبہ: حکیم محمد شریف مسلم۔ ناشر: البدر پبلی کیشنز، ۱۳۔ راحت مارکیٹ، اُردو بازار، لاہور۔ قیمت مجلد ۵۰/- روپے۔ ۲۷۲ صفحات

یہ مولانا مودودی کی طرف سے مرتب کے نام لکھے ہوئے یک صد خطوط کا مجموعہ ہے۔ پیش لفظ (از پروفیسر اسرار احمد سہاروی)، مکتوب الیہ یعنی حکیم صاحب کے حالاتِ زندگی (از طالب الہاشمی) اور حکیم محمد شریف مسلم مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی کی نظر میں، وہ ابتدائی مضامین ہیں جن میں ۴۷ صفحے پورے ہو گئے۔